


# کیلیفورنیا ورک پلیس - اپنے حقوق کو جانیے

بطور کیلیفورنیا کے کارکن، آپ اپنی کام کی جگہ کے حقوق اور اپنے آئینی (constitutional) حقوق جاننے اور ان پر عمل کرنے کے حقدار ہیں۔ لیبر قوانین، بشمول اجرت کے معیار، کام کے اوقات اور صحت و سلامتی کے قوانین، ریاست کے تمام کارکنوں پر قطع نظر ان کی امیگریشن کی حیثیت کے لاگو ہوتے ہیں۔

## اپنے حقوق کے استعمال پر آپ کے آجر کے لیے آپ کے خلاف جوابی کارروائی کرنا قانون کے خلاف ہے، بشمول درج ذیل صورتوں کے:

- لیبر کمشنر، Cal/OSHA، محکمہ شہری حقوق (Civil Rights Department)، یا کسی دوسرے سرکاری ادارے کے پاس کوئی شکایت درج کروانا۔
- اپنے آجر سے وفاقی، ریاستی یا مقامی قانون کی تعمیل کے بارے میں پوچھ گچھ کرنا۔
- وفاقی، ریاستی یا مقامی قانون کے تحت دوسروں سے ان کے حقوق کے بارے میں بات کرنا یا انہیں اپنے حقوق استعمال کرنے میں مدد فراہم کرنا۔



غیر قانونی انتقامی کارروائی کی مثالوں میں آپ کو نوکری سے نکال دینا، آپ کے کام کے اوقات کم کر دینا، یا آپ کے حقوق استعمال کرنے کی وجہ سے آپ کو یا آپ کے کسی رشتہ دار کو امیگریشن حکام کو رپورٹ کرنے کی دھمکی دینا شامل ہے۔

## امیگریشن کی حیثیت سے متعلق کام کی جگہ کے تحفظات

### امیگریشن معائنے (inspection) کے نوٹس کا آپ کا حق (لیبر کوڈ §90.2)

اگر آپ کے آجر کو I-9 ملازمت کی اہلیت کی تصدیق (employment eligibility verification) فارم یا دیگر ملازمت کے ریکارڈز کے لیے کسی امیگریشن ایجنسی کی طرف سے معائنے (inspection) کا نوٹس موصول ہوتا ہے، تو آجر کے لیے لازمی ہے کہ نوٹس موصول ہونے کے 72 گھنٹوں کے اندر کارکنان اور ان کے یونین نمائندے کو متعلقہ نوٹس چسپاں کرے۔

## غیر منصفانہ امیگریشن متعلق اقدامات کے خلاف آپ کا تحفظ (لیبر کوڈ §§1019-1019.2)

کیلیفورنیا کے قانون کے تحت، جب آپ اپنے حقوق کا استعمال کرتے ہیں، تو آجروں کے لیے آپ کے خلاف جوابی کارروائی کرنا یا امیگریشن سے متعلقہ کارروائی کی دھمکی دینا غیر قانونی ہے۔ آجر کے لیے آپ کے حقوق کے استعمال کی وجہ سے درج ذیل میں سے کوئی بھی اقدام کرنا ممنوع ہے:



- I-9 عمل کے دوران ایسی شناختی دستاویزات (شناخت کا ثبوت اور وفاقی حکومت کی طرف سے کام کرنے کی اجازت) قبول کرنے سے انکار کرنا جو بظاہر اصلی معلوم ہوتی ہوں۔
- ای-ویریفائی (E-Verify) کا اس طرح استعمال کرنا جو قانون کے مطابق لازمی نہ ہو یا جس کی قانوناً اجازت نہ ہو۔
- مثال کے طور پر، کسی ملازم کے لیے ملازمت کی اہلیت کی دوبارہ تصدیق کرنے کے لیے ای-ویریفائی (E-Verify) کا استعمال کرنا جب قانوناً اس کی ضرورت نہ ہو، یا کسی جائز وجہ کے بغیر کام کی جگہ پر تمام کارکنوں کے بجائے صرف مخصوص کارکنوں کی اسکریننگ کرنا۔
- آپ کو یا آپ کے خاندان کو امیگریشن حکام کو رپورٹ کرنا یا رپورٹ کرنے کی دھمکی دینا۔
- پولیس یا ریاستی یا وفاقی ادارے کو کوئی بھی جھوٹی رپورٹ درج کروانا یا دھمکی دینا۔



## ہنگامی رابطے نامزد کرنے کا آپ کا حق (لیبر کوڈ §1555)

آپ کے آجر کے لیے لازم ہے کہ وہ آپ کو ہنگامی رابطے کی معلومات فراہم کرنے کی اجازت دے اور یہ ظاہر کرنے کا موقع دے کہ آیا آپ چاہتے ہیں کہ کام کے دوران آپ کی گرفتاری یا حراست کی صورت میں آپ کے ہنگامی رابطے کو مطلع کیا جائے۔ اگر آپ کو کام کے دوران گرفتار یا حراست میں لیا جاتا ہے اور آپ کے آجر کو اس کا علم ہوتا ہے، تو ان کے لیے لازم ہے کہ وہ آپ کے نامزد کردہ ہنگامی رابطے کو مطلع کریں، بشرطیکہ آپ نے اس اختیار کا انتخاب کیا ہو۔

## یونین بنانے یا کام کی جگہ پر قانونی طور پر محفوظ سرگرمیوں میں شامل ہونے کا آپ کا حق



کیلیفورنیا میں زیادہ تر ملازمین کو یونین بنانے، اس میں شامل ہونے، یا یونین کی سرگرمیوں میں حصہ لینے کا حق حاصل ہے۔ ملازمین کو یہ حق بھی حاصل ہے کہ وہ کام کے حالات کو بہتر بنانے یا اجتماعی سودے بازی کی غرض سے کام سے متعلق مسائل اور خدشات کو دور کرنے کے لیے اپنے ساتھی کارکنان کے ساتھ مل کر مشترکہ اقدام کریں۔ **اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ کام کے بہتر حالات کی درخواست کرنے یا کام سے متعلق خدشات اٹھانے کے لیے اپنے ساتھی کارکنوں کے ساتھ شامل ہوں، بشمول اجرت، کام کے اوقات، صحت اور حفاظت، اور ملازمت کی دیگر شرائط کے بارے میں۔** آپ کو یہ حق بھی حاصل ہے کہ آپ یونین کی سرگرمیوں یا محفوظ سرگرمیوں میں حصہ نہ لیں۔ آپ کے آجر کے لیے درج ذیل اقدامات کرنا غیر قانونی ہے:

- آپ کی یونین کی سرگرمیوں یا محفوظ سرگرمیوں میں مداخلت کرنا یا ان کی حوصلہ شکنی کرنا۔
- آپ کی یونین کی حمایت یا محفوظ سرگرمیوں کی وجہ سے آپ کو دھمکانا، یا آپ کے خلاف انتقامی کارروائی کرنا یا امتیازی سلوک کرنا۔

## کام کی جگہ پر قانون نافذ کرنے والے اداروں، بشمول امیگریشن ایجنٹس کے ساتھ رابطے یا واسطہ پڑنے کی صورت میں آپ کے حقوق


کیلیفورنیا کے کارکنوں کو امریکی آئین کے تحت مخصوص حقوق اور تحفظات حاصل ہیں، **قطع نظر ان کی امیگریشن اسٹیٹس کے**، بشمول اس وقت جب قانون نافذ کرنے والے ادارے (بشمول وفاقی امیگریشن ایجنٹس کے) آپ سے رابطہ کریں۔ مزید برآں، کیلیفورنیا کے قانون کے تحت، ریاستی اور مقامی قانون نافذ کرنے والے ادارے زیادہ تر حالات میں امیگریشن کے نفاذ کے سلسلے میں ICE جیسے وفاقی اداروں کی مدد نہیں کر سکتے۔



### غیر ضروری یا بلا جواز تلاشی سے محفوظ رہنے کا آپ کا حق (امریکی آئین، چوتھی ترمیم)

- اگر قانون نافذ کرنے والے ادارے، بشمول امیگریشن ایجنٹس، آپ سے آپ کی یا آپ کے ذاتی سامان کی تلاشی لینے کی اجازت مانگیں، تو جب تک ان کے پاس کوئی عدالتی وارنٹ نہ ہو جو خاص طور پر آپ کی ذات یا آپ کے ذاتی سامان کی تلاشی کا اختیار دیتا ہو، آپ کو "نہ" کہنے کا حق حاصل ہے۔
- اگر آفیسر تلاشی لینا شروع کر دے، چاہے آپ نے منع بھی کیا ہو — تو پرسکون رہیں، جسمانی طور پر مزاحمت نہ کریں، اور بھاگیں نہیں۔

قانون نافذ کرنے والے ادارے وارنٹ کے بغیر عوامی مقامات میں داخل ہو سکتے ہیں۔ عوامی مقامات میں کام کی جگہ کا لابی، انتظار گاہ، کھانے پینے کا عوامی علاقہ، یا پارکنگ لاٹ شامل ہو سکتے ہیں۔ زیادہ تر حالات میں، قانون نافذ کرنے والے اداروں کو آپ کی رضامندی کے بغیر کام کی جگہ کے غیر عوامی علاقوں میں داخل ہونے کے لیے ایک عدالتی وارنٹ کی ضرورت ہوتی ہے، جس پر جج کے دستخط ہوں۔ غیر عوامی علاقوں میں بریک روم، ملازمین کا واش روم، کام کرنے کی جگہ، یا کوئی بھی ایسا علاقہ شامل ہو سکتا ہے جہاں "صرف ملازمین کے لیے" کا نشان لگا ہو۔ انتظامی فارمز، جیسے کہ I-200 یا I-205، عدالتی وارنٹ نہیں ہوتے۔



کیلیفورنیا میں، آپ کے آجر کے لیے یہ ممنوع ہے کہ وہ کسی امیگریشن نافذ کرنے والے ایجنٹ کو کام کی جگہ کے غیر عوامی علاقوں میں داخل ہونے کے لیے اپنی مرضی سے اجازت فراہم کرے۔ عدالتی وارنٹ کے بغیر، آپ کے آجر کے لیے لازمی ہے کہ وہ امیگریشن نافذ کرنے والوں کو کام کی جگہ کے غیر عوامی علاقوں میں داخل ہونے سے روک دے۔

مزید تفصیلی معلومات DOJ اور LCO کے مشترکہ مشترکہ 'امیگرنٹ ورکر پروٹیکشن ایکٹ FAQ' میں مل سکتی ہیں۔ (https://oag.ca.gov/system/files/media/ab450-faqs.pdf)

### غیر ضروری یا بلا جواز حراست سے محفوظ رہنے کا آپ کا حق (امریکی آئین، چوتھی ترمیم)

- آپ کو بلا جواز حراست کے خلاف تحفظ حاصل ہے، جس میں آپ کو روکنا یا گرفتار کرنا شامل ہے۔
- قانون نافذ کرنے والے اداروں کے پاس آپ کو روکنے، پوچھ گچھ کرنے یا تلاشی لینے سے پہلے کسی غلط کام کا "معقول شک" ہونا ضروری ہے۔ آپ پوچھ سکتے ہیں کہ "کیا مجھے حراست میں لیا جا رہا ہے؟" یا "کیا میں جانے کے لیے آزاد ہوں؟" اگر آفیسر کہے کہ آپ کو حراست میں نہیں لیا جا رہا یا آپ جانے کے لیے آزاد ہیں، تو آپ پرسکون انداز میں وہاں سے جا سکتے ہیں۔
- گرفتاری کے لیے "ممکنہ وجہ" کا ہونا ضروری ہے اور یہ اس وقت عمل میں آتی ہے جب کسی شخص کو قانون نافذ کرنے والے آفیسرز اپنی تحویل میں لے لیتے ہیں۔
- قانون نافذ کرنے والے ایجنٹوں کو عوامی مقام پر کسی کو گرفتار کرنے کے لیے جج کے دستخط شدہ وارنٹ کی ضرورت نہیں ہوتی۔
- اگر آپ کو گرفتار کر لیا جائے، تو آپ کو وکیل سے بات کرنے کا حق حاصل ہے۔ آپ پر دستاویزات پر دستخط کرنے کے لیے دباؤ ڈالا جا سکتا ہے۔ آپ کو وکیل سے بات کیے بغیر کسی بھی چیز پر دستخط کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

## خاموش رہنے کا آپ کا حق (امریکی آئین، پانچویں ترمیم)



- آپ قانون نافذ کرنے والے افسران سے جو کچھ بھی کہیں گے، اسے عدالت میں آپ کے خلاف استعمال کیا جا سکتا ہے۔
- آپ کو خاموش رہنے کا حق حاصل ہے، چاہے آپ سے آپ کی امیگریشن کی حیثیت کے بارے میں ہی کیوں نہ پوچھا جائے۔
- اگر آپ خاموش رہنا چاہتے ہیں، تو واضح طور پر اس کا اظہار کریں، وکیل سے بات کرنے کا مطالبہ کریں اور پھر خاموش رہیں۔
- کسی بھی افسر کو غلط معلومات، جعلی شناخت (ID)، یا جعلی دستاویزات فراہم نہ کریں۔ جعلی دستاویزات فراہم کرنا ایک وفاقی جرم ہے اور غیر شہریوں کے لیے اس کے سنگین امیگریشن نتائج ہو سکتے ہیں۔

## پہلی ترمیم کے تحت عوامی مقامات پر قانون نافذ کرنے والے افسران کے ساتھ ہونے والی بات چیت یا کارروائی کو ریکارڈ کرنے کا آپ کا حق

عوام کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ عوامی مقامات پر افسران اور سرکاری اہلکاروں کو اپنی ذمہ داریاں ادا کرتے ہوئے دیکھیں اور ان کی ریکارڈنگ کریں۔ اگر آپ ریکارڈنگ کرنے کا انتخاب کرتے ہیں، تو آپ کو محفوظ فاصلے پر کھڑا ہونا چاہیے اور افسر کی کارروائی میں مداخلت نہیں کرنی چاہیے۔ جسمانی رکاوٹ ڈالنا یا زبانی تکرار کو بڑھانا آپ کی حفاظت کو خطرے میں ڈال سکتا ہے اور اس کے نتیجے میں آپ پر فوجداری الزامات لگ سکتے ہیں۔

## قانونی نمائندگی تک رسائی

اگر آپ کو گرفتار کر لیا جائے، تو آپ کو وکیل (attorney) کا حق حاصل ہے۔ اگر آپ وکیل کے اخراجات برداشت نہیں کر سکتے، تو فوجداری مقدمے میں آپ کی نمائندگی کے لیے حکومت کی طرف سے مقرر کردہ وکیل حاصل کر سکتے ہیں۔

تاہم، اگر آپ کو امریکی امیگریشن اینڈ کسٹمز انفورسمنٹ (ICE) یا یو ایس کسٹمز اینڈ بارڈر پروٹیکشن (CBP)، بشمول بارڈر پیٹرول، کی جانب سے سول امیگریشن کی خلاف ورزیوں پر گرفتار کیا جاتا ہے، تو آپ کو وکیل سے مشورہ کرنے کا حق حاصل ہے، لیکن حکومت آپ کو وکیل فراہم کرنے کی پابند نہیں ہے۔ اگر آپ کو ICE یا CBP کی جانب سے گرفتار کیا جاتا ہے، تو آپ کچھ بھی کہنے یا کسی بھی چیز پر دستخط کرنے سے پہلے وکیل سے بات کرنے کے اپنے حق کا استعمال کر سکتے ہیں۔ آپ اپنے قونصل خانے (consulate) سے بات کرنے کی درخواست بھی کر سکتے ہیں جو آپ کو امداد فراہم کر سکتے ہیں۔



## ملازمین کا معاوضہ (Workers' Compensation)

اگر آپ اپنی ملازمت کی وجہ سے زخمی ہو جاتے ہیں یا بیمار پڑ جاتے ہیں، تو آپ کو ملازمین کے معاوضے (Workers' Compensation) کے فوائد حاصل کرنے کا حق ہے۔ یہ فوائد آپ کو چوٹ یا بیماری کے لیے طبی نگہداشت فراہم کرتے ہیں، صحت یابی کے دوران آپ کی ضائع ہونے والی تنخواہ کا جزوی متبادل پیش کرتے ہیں، اور کام پر واپسی میں آپ کی مدد کرتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے، www.dir.ca.gov/dwc پر جائیں یا 1-800-736-7401 پر کال کریں۔



# اگر مجھے لگے کہ میرے حقوق کی خلاف ورزی ہوئی ہے تو میں کس سے رابطہ کر سکتا ہوں؟

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کے حقوق کی خلاف ورزی کی گئی ہے، تو نیچے ان سرکاری اداروں کی فہرست دی گئی ہے جہاں سے آپ مدد حاصل کر سکتے ہیں۔

## کیلیفورنیا کا محکمہ برائے صنعتی تعلقات (Department of Industrial Relations, DIR):

**کیلیفورنیا کے لیبر کمشنر کا دفتر (Labor Commissioner's Office)**

معلومات: (833) LCO-INFO (833-526-4836)
امیگریشن ہیلپ لائن: (855) 526-7775
www.dir.ca.gov/dlse/

**کیلیفورنیا کا ڈویژن آف آکیوپیشنل سیفٹی اینڈ ہیلتھ**
**(Occupational Safety and Health, Cal/OSHA)**

(833) 579-0927
https://www.dir.ca.gov/dosh/

**کیل یفورنیا کا ڈویژن آف ورکرز کمپنسیشن (Division of Workers Compensation, DWC)**

(800) 736-7401
www.dir.ca.gov/dlse/

## :Other California Agencies

**کیلیفورنیا اٹارنی جنرل California Attorney General (AG)**

(800) 952-5225
www.oag.ca.gov

**کیلیفورنیا کا محکمہ شہری حقوق (Civil Rights Department, CRD)**

(800) 884-1684
calcivilrights.ca.gov/

**کیلیفورنیا کے زرعی ملازمین**
**ایگریکلچرل لیبر ریلیشنز بورڈ**
**(Agricultural Labor Relations Board, ALRB)**

(800) 449-3699
www.alrb.ca.gov

**کیلیفورنیا کے پبلک سیکٹر کے ملازمین اور ٹرانسپورٹیشن نیٹ ورک کمپنی کے ڈرائیورز**
**پبلک ایمپلائمنٹ ریلیشنز بورڈ**
**(Public Employment Relations Board, PERB)**

(916) 322-3198
perb.ca.gov

## وفاقی ایجنسیاں:

**پرائیویٹ سیکٹر کے ملازمین**
**نیشنل لیبر ریلیشنز بورڈ**
**National Labor Relations)**
**:(Board, NLRB**

(844) 762-6572
www.nlrb.gov

**وفاقی ملازمین**
**یو ایس فیڈرل لیبر ریلیشنز اتھارٹی**
**Federal Labor Relations)**
**:(Authority, FLRA**

(771) 444-5801
https://www.flra.gov/

**ریلوے اور ایئرلائن کے ملازمین**
**نیشنل میڈی ایشن بورڈ**
**:(National Mediation Board, NMB)**

(202) 692-5000
https://nmb.gov/NMB_Application/

## غیر سرکاری تنظیمیں:

آپ امداد کے لیے کسی غیر منافع بخش قانونی یا کمیونٹی پر مبنی تنظیم سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔ ریاستی اداروں کے ساتھ مل کر کام کرنے والی ان تنظیموں کی فہرست کے لیے جو ملازمین کو ان کے حقوق سمجھنے میں مدد فراہم کرتی ہیں، نیچے دیا گیا QR کوڈ اسکین کریں۔
www.dir.ca.gov/dlse/Nonprofit-Legal-and-Community-Based-Organizations-Serving-Workers.html.